فارمیسز وغیرہ) سے وابستہ اسلامی بھائیوں کو بھی **دارالافتاء اہلسنّت** سے مسائل کے حل کے لئے رابطے کا ذہن دیں اور ماہانہ دارالافتاء اہلسنّت میں مدنی حلقہ کی ترکیب کریں، جس میں تمام ڈاکٹرز اور اس شعبے سے منسلک اسلامی بھائی اپنے اپنے شرعی سوالات لکھ کر لائیں اور دارالافتاء کے اسلامی بھائیوں سے شرعی رہنمائی لیں۔

**﴿4﴾ مجلس ڈاکٹرز** ہر سرکاری و غیر سرکاری اسپتال و کلینک پر کنزالایمان شریف، فیضانِ سنّت، 40 روحانی علاج، مدنی پنج سورہ، لنگرِ رسائل بکس، مدنی عطیات بکس، تعویذاتِ عطاریہ کا طُغراء اور درسِ فیضانِ سنّت وغیرہ کی ترکیب بتدریج کرے۔

**﴿5﴾ مجلس** کے ذِمہ داران میڈیکل کے مختلف اداروں، چوک و مارکیٹوں وغیرہ میں انفرادی کوشش کے ذریعے جائے نماز، مدنی حلقہ، لنگرِ رسائل، مدنی چینل کا VCD اجتماع اور مدنی عطیات/رسائل بکس کی تراکیب (میڈیکل اسٹورز پر) بتدریج کریں۔

**﴿6﴾ مجلس** کے ذمہ داران ڈسٹرکٹ، تحصیل، رورل ہیلتھ سنٹر، میڈیکل کے اداروں (میڈیکل اسٹورز، سرجیکل اسٹورز، ڈسٹری بیوٹر، فارما کمپنی سے منسلک اسلامی بھائی وغیرہ)، شعبوں، دفاتر و مارکیٹوں وغیرہ کے وہ اسلامی بھائی جو مدنی ماحول سے منسلک یا اہلِ محبت ہیں، اُن کی فہرست (لسٹ) بنا کر متعلقہ نگرانِ علاقہ/ڈویژن مشاورت کو پیش کریں تاکہ ان کو علاقے/ڈویژن میں ہونے والے مدنی کاموں (چوک درس، درسِ فیضانِ سنت، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدرسۃ المدینہ بالغان، ہفتہ وار اجتماع وغیرہ) میں شرکت کروائی جاسکے۔

**﴿7﴾ مجلس** کے ذمہ داران بااثر (سپیشلسٹ) ڈاکٹرز و شخصیات سے پیشگی وقت لیکر ملاقات کریں ❁ بہتر یہ ہے کہ ملاقات کے لئے دو، تین اسلامی بھائی مل کر جائیں، ملاقات کی ابتداء میں تعارف یعنی تنظیمی ذمہ داری ضرورتاً اپنی تعلیمی قابلیت (Educational Qualification) بیان کرنا مفید ہے۔ (اسپیشلسٹ اور دیگر ڈاکٹرز سے ملاقات کا آسان ذریعہ سرکاری اسپتالوں میں جا کر وارڈز اور OPD میں نیکی کی دعوت دینا ہے، جس میں لنگرِ رسائل کی ترکیب بنائی جائے، جس دن نیکی کی دعوت ہو، اُسی دن وہاں کی مسجد یا جائے نماز یا وارڈ اور OPD (Out Patient Department) میں ڈاکٹرز کے روم میں ڈیوٹی ٹائم کے بعد مختصر مدنی حلقہ لگایا جائے، جس میں مدنی انعامات، مدنی قافلہ، ہفتہ وار اجتماع، مدنی چینل دیکھنے اور دیگر مدنی کاموں کی ترغیب دلائی جائے نیز فیضانِ سُنّت کا درس جاری کیا جائے۔ جن استپالوں میں ڈاکٹرز ہاسٹلز، ڈاکٹرز کالونی ہے وہاں ہفتہ وار نیکی کی دعوت کی ترکیب بنائی جائے اور وقتِ مناسب پر مدنی حلقے کی ترکیب بنائی جائے، جس میں خیر خواہی، لنگرِ رسائل، وی سی ڈیز اور ہفتہ وار وی سی ڈی اجتماع کی ترکیب بنائی جائے) ❁ دورانِ ملاقات بااثر ڈاکٹرز و شخصیات (میڈیکل کے شعبے سے وابستہ) کو **دعوتِ اسلامی** کے مدنی کاموں اور اس کے شعبہ جات مثلاً مدنی چینل، مجلس شعبۂ تعلیم، مجلس آئی ٹی، دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net)، مجلس خصوصی اسلامی بھائی، مجلس اصلاح

www.dawateislami.net

